**06.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. مہتاب عالم

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے اتراکھنڈ میں سال بھر سیاحتی سرگرمیوں پر زور دیا ہے، تاکہ معیشت کو مستحکم اور نوجوانوں کیلئے روزگار پیدا کیا جاسکے۔

☆ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے اس بات پر زور دیا ہے کہ بھارت AI حکمرانی کیلئے عملی اور تکنیکی وقانونی طریقہ کار اختیار کررہا ہے۔

☆ بھارت نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے لندن کے دورے کے دوران انتہا پسندوں کی جانب سے سکیورٹی کی خلاف ورزی کی مذمت کی ہے۔

☆ پاکستان کی ISI سے وابستہ ببرخالصہ انٹرنیشنل کے ایک دہشت گرد کو اترپردیش اور پنجاب پولیس کی مشترکہ کارروائی میں گرفتار کیا گیا ہے۔

☆ اور : انڈین سپرلیگ فٹبال میں حیدرآباد کے گاچی باؤلی اسٹیڈیم میں حیدرآباد FC کا مقابلہ پنجاب FC سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-UTTARKHAND**

وزیراعظم نریندر مودی نے اتراکھنڈ کو سال بھر کا ایک سیاحتی مقام بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ اترکاشی کے Harsil میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ریاست کیلئے موسم سرما کی سیاحت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ جناب مودی نے اس بات پر زور دیا کہ اب اتراکھنڈ سیاحت میں آف سیزن نہیں ہوگا اور یہاں سال بھر سرگرمیاں جاری رہیں گی۔

وزیراعظم نے کہا کہ یہ دہائی اتراکھنڈ کی ہے، جس میں ترقی کے نئے امکانات ہیں۔ اس بات کو اجاگر کرتے ہوئے کہ موسم سرما کے دوران خالی ہوٹل اور Homestays اقتصادی عدم توازن کا سبب بنتے ہیں، انہوں نے کہا کہ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب اتراکھنڈ کی حقیقی خوبصورتی اپنے شباب پر ہوتی ہے۔ بنیادی ڈھانچے کی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے چاردھام سڑک پروجیکٹ، ریلوے کی توسیع، فضائی کنکٹی وٹی اور روپ وے سے متعلق پروجیکٹوں کا حوالہ دیا۔ انہوں نے زور

دے کہا کہ گوری کُنڈ، کیدارناتھ اور گوبند گھاٹ-ہیم کُنڈ روپ وِے عقیدت مندوں اور سیاحوں کے سفر کو آسان بنائیں گے۔

وزیراعظم نے اتراکھنڈ میں ڈِسٹی نیشن شادیوں کو فروغ دیئے جانے کی بھی یہ کہتے ہوئے وکالت کی کہ یہ یادگار تقریبات کیلئے ایک مثالی مقام ہے۔ اس سے قبل وزیراعظم مودی نےMukhba گاؤں میں خصوصی پوجا کی، جہاں مقامی لوگوں نے روایتی انداز سے اُن کا خیر مقدم کیا۔ اس کے بعد انہوں نے ہمالیہ کی قدرتی خوبصورتی کا نظارہ کیا اور ٹریکنگ اور بائیکنگ ریلیوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ Harsil کو سکون کے خواہشمند لوگوں کیلئے ایک بہترین مقام قرار دیتے ہوئے وزیراعظم دہرادون کے جولی گرانٹ ہوائی اڈے کیلئے روانہ ہوگئے۔×

## PM-ANDHARA-TELANGANA

وزیراعظم نریندر مودی نے ریاست میں حالیہ MLC انتخابات میں BJP کو شاندار حمایت دینے پر تلنگانہ کے لوگوں کا شکریہ ادا کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے پارٹی ورکروں کی لوگوں کے درمیان خوب محنت سے کام کرنے کی ستائش کی۔ BJP نے تلنگانہ میں تین MLC سیٹوں میں سے دو پر جیت حاصل کی تھی، جن میں سرکردہ کریم نگر-میدک-ناظم آباد-عادل آباد گریجویٹس سیٹ شامل ہے۔ جناب مودی نے جیتنے والے امیدواروں کو بھی مبارک باد دی۔ ایک دیگر پوسٹ میں وزیراعظم مودی نے آندھرا پردیش میں MLC چناؤ میں NDA امیدواروں کی جیت کی بھی ستائش کی۔ جیتنے والے امیدواروں کو مبارک باد دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ مرکز اور آندھراپردیش میں NDA کی حکومتیں ریاست کے عوام کی خدمت کرنا جاری رکھیں گی اور ریاست کو ترقی کی بلندیوں پر لے جائیں گی۔×

## ASHWINI DIGITAL

اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور الیکٹرانکس کے محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے واضح طور پر کہاہے کہ بھارت مصنوعی ذہانت کے سلسلے میں ایک تکنیکی قانونی اور ٹھوس موقف پر عمل پیرا ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بات ایک روزنامہ قومی اخبار میں شائع اپنے ایک مضمون میں کہی ہے۔ وزیر موصوف نے اپنے اِس مضمون میں یہ بھی کہاہے کہ مصنوعی ذہانت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے سرکار سائبر سکیورٹی کے خطرے، Deepfakes اور رازدارانہ جوکھم سے بچنے کی خاطر ضروری اقدامات کر رہی ہے۔ مضمون میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ سوفٹ ویئر کی تیاری اور اِس کے فروغ میں بھارت طویل عرصے سے دنیا کا ایک سرکردہ ملک رہا ہے اور اب ہارڈ ویئر کے شعبے میں بھی ملک تیزی سے ترقی کر رہا ہے۔

ملک میں اِس وقت Semiconductor کے پانچ پلانٹوں کی تعمیر پر کام چل رہاہے اور بھارت دنیا میں الیکٹرانکس کے شعبے میں بھی اپنی پوزیشن مضبوط کر رہا ہے۔ جناب اشونی ویشنو نے اپنے مضمون میں یہ بھی لکھا ہے کہ بھارت اِس سال پہلی میک اِن انڈیا Semiconductor چپ جاری کرکے ایک اہم سنگ میل حاصل کرے گا۔ انہوں نے یہ بھی

کہاہے کہ ڈیجیٹل پبلک بنیادی ڈھانچے، مصنوعی ذہانت، سیمی کنڈکٹرس اور الیکٹرانک سازو سامان کی تیاری پر زیادہ توجہ دے کر ملک کے مستقبل کو ڈیجیٹل روپ دینے کیلئے کام کیا جارہا ہے۔ x

**VP-MUMBAI VSIT**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج مہاراشٹر میں ممبئی کے ایک روزہ دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے دوران نائب صدر ممبئی کے Royal Opera ہاؤس میں مرلی دیوڑا یادگاری ڈائیلاگ کے افتتاحی اجلاس میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔x

**JAISHANKAR TRUMP ADMIN**

بھارت نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے برطانیہ کے دورے کے دوران انتہاپسندوں اور علیحدگی پسندوں کی طرف سے سکیورٹی کی خلاف ورزی کی مذمت کی ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں اِسے مٹھی بھر علیحدگی پسندوں اور انتہاپسندوں کی اشتعال انگیز کارروائی قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بھارت اِس طرح کی کارروائیوں کی مذمت کرتا ہے اور یہ اس طرح کے عناصر کی طرف سے جمہوری آزادی کا بے جا استعمال ہے۔ وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں یہ بھی کہاہے کہ بھارت امید کرتا ہے کہ میزبان سرکار اِس طرح کے معاملے میں اپنے سفارتی ذمہ داریوں کو مکمل طور پر پورا کریں گی۔

ڈاکٹر جے شنکر برطانیہ اور آئر لینڈ کے چھ روزہ دورے پر ہیں۔ انہوں نے لندن میں بھارت کے عروج اور دنیا میں اُس کے کردار پر ایک مباحثے سے بھی خطاب کیا۔ اِس موقع پر وزیر خارجہ نے کہاکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے تحت امریکی انتظامیہ کثیر قطبی نظام کی طرف بڑھ رہا ہے جو بھارت کے مفادات سے مطابقت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہاکہ کے صدر ٹرمپ کے تحت امریکہ کی خارجہ پالیسی میں تبدیلی آنے کا امکان تھا اور یہ کئی طرح بھارت کے مفادات سے میل کھاتی ہے۔

کشمیر کے بارے میں سوالوں کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹرجے شنکر نے کہاکہ دفعہ 370 کو ہٹایا جانا اِس سلسلے میں پہلا قدم تھا اور کشمیر میں ترقی، اقتصادی سرگرمیاں اور سماجی انصاف بحال کرنا دوسرا قدم اور انتخابات کرانا تیسرا قدم تھا، جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے ووٹ دیے۔ وزیر خارجہ نے کہاکہ بھارت کشمیر کے اُس حصے کی واپسی کا منتظر ہے جس پر پاکستان نے غیرقانونی طور پر قبضہ کر رکھا ہے، اِس حصے کی واپسی کے بعد کشمیر کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

**BKI TERRORIST**

اترپردیش کے کوشامبی ضلع سے UP اسپیشل ٹاسک فورس اور پنجاب پولیس نے آج صبح سویرے پاکستان کی ISI سے مبینہ تعلقات کی بنا پر ببر خالصہ انٹرنیشنل کے سرگرم دہشت گرد کو گرفتار کرلیا ہے۔ مشتبہ دہشت گرد کا نام لاجر مسیح ہے، جو

پنجاب کے امرتسر ضلع کے رام داس علاقے کے گُرلیان گاؤں کا رہنے والا ہے۔ اِسے صبح تین بجے کر 20 منٹ پر گرفتار کیا گیا۔ اترپردیش پولیس کی اسپیشل ٹاسک فورس، امن و قانون کے ایڈیشنل ڈائیرکٹر جنرل امیتابھ یَش نے بتایا کہ یہ آپریشن کوشامبی کے کوکھ راج پولیس اسٹیشن کی حدود میں انجام دیا گیا۔ انھوں نے بتایا کہ دستیاب معلومات کے مطابق گرفتار کیا گیا دہشت گرد، جرمنی سے چلائے جا رہے ببر خالصہ انٹرنیشنل کے ماڈیول کے سربراہ Swarn سنگھ عرف جیون فوجی کیلئے کام کرتا تھا اور یہ پاکستان میں مقیم ISI کے آلہ کاروں کے سیدھے رابطوں میں تھا۔ UP ٹاسک فورس نے گرفتار کیے گئے دہشت گرد سے دھماکہ خیز مواد اور غیر قانونی ہتھیار بھی ضبط کیے ہیں۔ ADG نے بتایا کہ یہ دہشت گرد گذشتہ سال 24 ستمبر کو پنجاب میں عدالتی تحویل سے بھاگ نکلا تھا۔x

## PUNJAB-RAJSTHAN ACCIDENT

پنجاب میں کل رات بٹالہ میں ایک سڑک حادثے میں تین افراد ہلاک اور پانچ اُس وقت زخمی ہوگئے، جب دو موٹر گاڑیاں ایک ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکرا گئیں۔ ہلاک ہونے والوں میں ٹریکٹر کا ڈرائیور اور دو مسافر ہیں۔ پولیس کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ہرکرشن نے کہا کہ زخمیوں کو سرکاری اسپتال لے جایا گیا، جن میں سے تین کو ابتدائی علاج معالجہ کے بعد گھر بھیج دیا گیا۔ ایک کی حالت نازک ہے۔ راجستھان میں بھی آج صبح سروہی ضلع میں قومی شاہراہ نمبر27 پر Kivrali گاؤں کے نزدیک ایک سڑک حادثے میں 6 افراد کی موت ہوگئی۔x

## US-HAMAS

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے حماس کو سخت الٹی میٹم دیتے ہوئے غزہ میں یرغمال بنائے سبھی افراد کی فوراً رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ساتھ ہی ہلاک ہوئے سبھی یرغمال افراد کی لاشوں کی بھی مانگ کی ہے۔ صدر ٹرمپ کا یہ انتباہ، وہائٹ ہاؤس کی جانب سے کی گئی اُس تصدیق کے کچھ ہی گھنٹوں بعد سامنے آیا ہے جس میں اُس نے کہا ہے کہ وہائٹ ہاؤس، جنگجو گروپ حماس کے ساتھ سیدھی بات چیت میں شامل تھا۔ اِس قدم کو امریکہ کی پالیسی میں یکسر تبدیلی مانا جا رہا ہے۔ صدر ٹرمپ نے اسرائیل کو ہر اُس چیز کی فراہمی کا عہد کیا، جو حماس کے خاتمے کے لیے ضروری ہے۔ صدر ٹرمپ نے خبردار کیا کہ اگر یرغمال بنائے گئے افراد کو رہا نہیں کیا گیا تو حماس کا ایک بھی رکن سلامت نہیں رہے گا۔

جناب ٹرمپ نے صورتحال کو انتہائی لازمی قرار دیتے ہوئے کہا کہ حماس کو یرغمال افراد کی رہائی میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے، اور نہ ہی مارے گئے افراد کی لاشیں دینے میں تاخیر کرنی چاہیے۔ صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے مارے گئے یرغمال افراد کی لاشیں دینے میں تاخیر کے رویے کو بیمار ذہنیت قرار دیا۔x

**ISL-FOOTBALL**

انڈین سپر لیگ فٹبال میں آج حیدرآباد کے Gachibowli اسٹیڈیم میں حیدرآباد ایف سی کا مقابلہ شام ساڑھے سات بجے پنجاب ایف سی سے ہوگا۔ کل جے آر ڈی ٹاٹا اسپورٹس کمپلیکس میں اوڈیشہ ایف سی نے جمشید پور ایف سی کو دو کے مقابلے تین گول سے ہرا دیا۔ اس جیت کے ساتھ اوڈیشہ ایف سی 33 پوائنٹس کے ساتھ چھٹے مقام پر پہنچ گیا ہے۔ لیکن اس کی لیگ مہم ختم ہو چکی ہے۔ اب اس کے آگے کھیلنے کا دارومدار ممبئی ایف سی کے باقی بچے دو میچوں کے ہار جانے پر منحصر ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆